حضرت مہتمم مصاحب نے عالم اسلام کی صورتحال پر تبادلہ خیال فرمایا۔ ۵ جون کو علی الصبح صنعاء سے آپکی واپسی ہوئی اور اسی دن صبح آٹھ بجے براستہ دبئی پشاور واپس تشریف لائے۔

بین الاقوامی و مغربی صحافیوں اور اہم شخصیات کی حسب سابق دارالعلوم آمد : حسب سابق گزشتہ دنوں بھی غیر ملکیوں صحافیوں اور خصوصاً مغربی تحقیقاتی اور علمی اداروں کے افراد جوق در جوق دارالعلوم آتے رہے اور انہوں نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے عالم اسلام کے حالات' تحریک طالبان افغانستان اور عالم اسلام کے عظیم رہنما شیخ اسامہ بن لادن' مدارس اسلامیہ کے کردار اور پاکستانی سیاست کے بارے میں تفصیل سے انٹرویوز ریکارڈ کئے۔ ان میں سے چند اہم اخبارات اور ان کے نمائندوں کے نام یہ ہیں : ہالینڈ کے ڈیلی نیوز پیپرز NRC Handelsblad کے ایڈیٹر ڈبلیو۔ بروئل مین' بی بی سی ٹی وی کے پروڈیوسر مچل فرکاس؛ فرانس ویکلی نیوز پیپرز کے نمائندوں' پاؤلو ووڈز' اٹلی کے المسپر یسکو اور ڈائرؤ یلا سٹرانا اور اسپین کے پلیو یٹا او مینو' سویڈن کے ایک معروف جریدے کے ڈپٹی ایڈیٹر مسٹر جارج' ساؤتھ کوریا کے نیشنل ٹیلی ویژن کے پروڈیوسر کیمونگ ران کینگ وغیرہ تشریف لائے۔ ان تمام ٹیموں نے دارالعلوم کے طلباً اور اساتذہ سے ملاقاتیں کیں اور نہایت ہی متاثر ہوئے آخر میں انہوں نے اس بات کا اعتراف کیا کہ دارالعلوم حقانیہ ایک خالص تعلیمی ادارہ ہے اور یہاں کسی قسم کی بھی تخریب کاری یا عسکری ٹریننگ وغیرہ نہیں دی جاتی۔ ان کے علاوہ دیگر مغربی اداروں کے اہم افراد بھی حضرت مولانا مدظلہ سے ملاقات کیلئے لائے۔

دارالعلوم کی سہ ماہی تقریب انعامات : مورخہ ۱۶ جون کو حسب سابق دارالعلوم کے ایوان شریعت ہال میں سہ ماہی امتحانات کے مختلف درجات میں اول دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلباً میں تقسیم انعامات کی ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ کتابوں اور امتیازی اسناد کی شکل میں تمام درجات میں پوزیشن حاصل کرنیوالوں میں حضرت مہتمم صاحب نے انعامات تقسیم کئے اور طلبہ کو کتابوں میں محنت وقت کی قدر و قیمت اور دیگر زرین نصائح سے نوازا۔ تقریب کے اختتام میں ملک کی ترقی و خوشحالی اور عالم اسلام و افغانستان اور فلسطینی مسلمانوں کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

دعائے صحت کی اپیل

دارالعلوم حقانیہ کے انتہائی مخلص' مشفق بزرگ اور شوریٰ کے اہم عہدہ دار حضرت مولانا قاری محمد امین صاحب مہتمم دارالعلوم عثمانیہ راولپنڈی ان دنوں انتہائی علیل ہیں۔ گزشتہ دنوں آپ پر فالج کا حملہ ہوا اور اسکے بعد آپ کا ایک آپریشن بھی ہوا آپ کچھ عرصہ الشفاء میڈیکل سنٹر اسلام آباد میں بھی زیر علاج رہے۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ عیادت کیلئے تشریف لے گئے۔ قارئین "الحق" سے حضرت قاری صاحب مدظلہ کی صحت یابی کیلئے خصوصی طور پر دعاؤں کی درخواست ہے۔